Music By. C. Ramchandra

رتن پروڈکشنز کا

52

आशा

آشا

ستارے

وجنتی مالا - کشور کمار - پران - مینو ممتاز

اور

اوم پرکاش

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری "آشا" کا آنچل تھامنے والے ایک نہ ایک دن ضرور منزل پر پہنچ جاتے ہیں۔ لیکن منزل تک سے جانے سے پہلے "آشا" کئی روپ دکھاتی ہے۔ بیلاپور کے جاگیردار منس سکھیہ لال نے اپنی ودھوا بہن درگا رانی کے کہنے پر اپنے اکلوتے بیٹے کنور کو بمبئی بھیجا۔ تو اس آشا سے کہ وہ جاگیر کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے قابل ہو جائے۔ مگر واہ رے تقدیر۔ وہ جاگیردار بننے کی بجائے ایک خونی بن گیا۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

آشا کے گانے

کنور گانا بملہ

ارے چھوٹے اور بڑے کا اب تو ہوا پورا ناقصہ
دنیا کی جاگیر ہے سب کا ایک برابر حصہ
ایک پڑوسی رات کو سوئے اور دوسرا روئے
تو انصاف کہاں کا ہے یہ انصاف کہاں کا ہے
ارے کہو اگر انسان کسی کی راہ میں کانٹے بوئے
تو انصاف کہاں کا ہے...
بنایا مالک نے سب کے لئے ہے چاند ستاروں کو
تو پھر کیا حق ہے بندے کو کرے تقسیم بہاروں کو
ارے سب باغ باغیچے پر جب ایک کا قبضہ ہوئے
تو انصاف کہاں کا ہے...
بنا ہے سارے خزانے کا یہ ہے انسان کی ناداتی
بتا تو کتنا کھائیگا یہ دانہ اور ہوا پانی

ارے پیسے جیسی چیز کی خاطر کوئی شرافت کھوئے

تو انصاف کہاں کا ہے...

بھی اک ڈال کے پنچھی ہیں سبھی کا ایک ٹھکانا ہے

لگاؤ ایک ساتھ نعرہ کہ یہ جنتا کا زمانہ ہے

ارے کوئی کسی کا بیج چرا کر اپنی کھیتی بوئے

تو انصاف کہاں کا ہے...

لتا - گانا نمبر ۲

چل چل رے کنہائی چھلیا

میں تو نہ دوں گی نہ دوں گی نہ دوں گی رے

میں تو نہ دوں گی اب توری یہ مرلیا

چل چل رے...

باجے گی نہ جمنا کے تیر - آ - آ

باجے گی نہ جمنا کے تیر

نکلے گی گھر سے نہ کوئی بھی گجریا

بڑا تھا گمان تجھے مرلی کے دم پے

چھل تیرا اب کیسے چلے گا چھلیا

کیسے ہو گی سنوائی چھلیا

چل چل رے...

نس میں رو رو کے تجھے دور سے دکھاؤں گی

آنکھ پے بٹھاؤں گی سینے سے لگاؤں گی

تجھ سے بھی پیاری مجھے بانس کی یہ پوری ہے

جھوم جھوم اسے بجنے خوب میں چلاؤں گی

دیکھے بہریت کی دنہائی — چل چل رے ....

گانا نمبر ۳

لتا — تو نہ آیا اور ہو نے لگی شام رے

سنور یا میں کھڑی رہوں کہ چلی جاؤں رے

دیکھوں کب تک پیا میں تیری راہ رے

میری تک تک کے ہاری نگاہ رے

رات ہے آ رہی میں تو گھبرا رہی

کیا کروں کہ ہے دور میرا گاؤں رے

سنوریا میں کھڑی ....

کیسے کیسے میں چھپ کے چھپا کے آئی

ساری دنیا سے نظریں بچا کے آئی

دل کی دھڑکن بڑھی ہر قدم پر ڈری

ہو نہ جاؤں کہیں میں بدنام رے

سنوریا میں کھڑی ...

کیسے گھڑیاں بتاؤں انتظار کی

آ جا دوں میں دوہائی تیرے پیار کی

اب تو صورت دکھا سامنے آ بھی جا

دیکھ کب سے پکاروں تیرا نام رے

سنوریا میں کھڑی ...

آشا بھونسلے

گانا نمبر ۴

سو جا رے چندا آ سو جا چندنیاں عرض کرے

جانے کہاں سے آیا انکھیاں میں بھاری تیری

ڈر تو ہے کاہے کا ہے مَیں ہوں رکھواری تیری
بیکل دیکھ تو ہے مورا بھی جیا
سو جا رے سو جا رے چندا ..
بن کے بدریا میں تجھ کو چھپائے لوں گی
دے دوں گی جان پر مَیں تجھ کو بچائے لوں گی
ایسا ہے کون مورے انگنا جو پاؤں دھرے
سو جا رے چندا ...

آشا بھونسلے گانا نمبر ۵

اینا مینا ریکا ڈیکا ڈے ڈائی ڈام نیکا
ماکا ناکا ماکا ناکا
چیکا پیکا رولا ریکا رم پم پوش رم پم پوش
اس دنیا میں دل نہ لگانا دل دے کے پڑے گا پچھتانا
یہ روپ کے پجاری یہ دل لینے والے
پہلے پہلے ہوتے ہیں بڑے بھولے بھالے
کلیجے کو تھام پکاریں گے نام
تو ہی ہے تو ہی ہے ۔ تو ہی تو ہے وہ ۔ اینا مینا ..
مت بھول پیارے اِک ناگ ہے گلے کا زہر بھری آگ
دل کو جلائے یہ شعلوں پہ سلائے
جو پھولوں سے اٹھائے تو کانٹوں میں رلائے
کلیجے کو تھام پکارے گا نام
تو ہی ہے ۔ تو ہی ہے ۔ تو ہی تو ہے وہ
اینا مینا ...

گنو بہار لمبر آشا

گانا نمبر ۶

اینا مینا ڈیکا ڈے ڈائی ڈامنیا کا ماکا ناکا ماکا ناکا
چیکا پیکا رولا ریکا رم پم پوش رم پم پوش
دل بیچوں ہے کوئی لینے والا ایسے ویسے کو نہیں دینے والا
مورتیا جس ہو عمریا جواں ہو
کوئی بھی اسے دیکھے تو بس بے گماں ہو
یہی ہے یہی ہے — یہی تو ہے وہ — اینا مینا..
مت سوچو کہ سستا ہے سودا پھل پائے لگائیگا جو پودا
دل کی یہ کیاری ہے پھلواری یہ دنیا جلے گی جلن کی ہے ماری
ہنسے گی ہنسے گی... ہنسے گی میری پیاری — اینا مینا..
یہ شرطیں تو تھوڑی ہیں ضروری جو کوئی کریگا انہیں پوری
میں خوشی خوشی اسے یہ دل دے دونگا
قسم کھا رہا ہوں کہ دام بھی نہ لوں گا
مگر یہ کہوں گا... کیا!
یہی ہے، یہی ہے... یہی تو ہے وہ ... اینا مینا..

لتا —

گانا نمبر ۷

ذرا رک رک کے ذرا تھم تھم کے
میں تو دوار چلی سکھی بالم کے
میری آنکھوں میں دھار ہے کاجل کا
میری زلفوں میں لہرے بادل کی
میری پائل میں سُر ہیں سرگم کے
ذرا رک رک کے...

میرے دل میں لگن جب تیری ہے
پھر غم کیا جو رات اندھیری ہے
میری بندیا تو سپنیاں جھم جھم چمکے ہیں تو دوار جلی
میں نے دیکھی ہے جھلک اک ساجن کی
اب پیاس بجھی میری انکھین کی
جلی جیوتی خوشی کی گئے دن غم کے
ذرا رک رک کے...

گانا نمبر ۵ کشور
حال تجھے اپنی دنیا کا نظر تو آتا ہوگا
مالک تو بھی اسے بنا کر پچھتاتا ہوگا
سچائی کے محل ڈھیر ہیں جھوٹے گھر آباد
سوچ کے کیا رکھی تھی تو نے دنیا کی بنیاد
مجھکو یقین ہے دل ہی دل میں تو شرماتا ہوگا
حال تجھے اپنی دنیا کا...
نفرت اس دنیا کا تحفہ، الفت اک الزام
جھوٹی یہاں کی صبح حقیقت اس دنیا کی شام
بول تجھے کیا اپنے کیے پر طیش نہ آتا ہوگا
حال تجھے اپنی دنیا کا..

ختم شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہو گی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اس کو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نکلنا چاہتے ہیں اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر استاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱۰/۱ محصولڈاک معاف

اُردو ہندی ٹیچر

آجکل اردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا لکھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱۸۱ محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی